سوال

(803) ظہر کی نماز سے قبل دو رکعات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ظہر کی نماز سے قبل دو رکعت سنت پڑھنا یا چار رکعت پڑھنا بہتر ہے؟ تشفی بخش جواب دیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری کے باب ''اَلرَّکعَتَانِ قَبلَ الظُّھرِ'' کے تحت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں دو کا ذکر ہے جب کہ اس کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں چار کا ذکر ہے۔ لہٰذا دونوں طرح جائز ہے۔ البتہ افضل یہ ہے کہ ہر دو رکعتوں پر سلام پھیرا جائے۔ (صحیح بخاری (قبل رقم: ۱۱۷۲) کے ''ترجمۃ الباب'' میں ہے:

'بَابُ مَا جَاءَ فِي التَّطَوُّعِ مَثْنَى، مَثْنَى وَيُذْكَرُ ذَلِكَ عَنْ عَمَّارٍ، وَأَبِي ذَرٍّ، وَأَنَسٍ، وَجَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، وَعِكْرِمَةَ، وَالزُّهْرِيِّ، وَقَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الأَنْصَارِيُّ: مَا أَدْرَكْتُ فُقَهَاءَ أَرْضِنَا إِلَّا يُسَلِّمُونَ فِي كُلِّ اثْنَتَيْنِ مِنَ النَّهَارِ'

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 685

محدث فتویٰ